# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 27 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷/جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کا آج سے آغاز۔

☆ ریاست کا آئندہ بجٹ کسانوں، خواتین، نوجوانوں سمیت عوام کے سبھی طبقات کے مفاد میں ہوگا۔وزیر اعلیٰ کی یقین دہانی، حزبِ مخالف جماعتوں کی جانب سے حکومت کی چائے پارٹی کا بائیکاٹ۔

☆ بیوہ خواتین سے وراثت کے سرٹیفکیٹ کیلئے وصول کی جانے والی فیس کم کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں قائم شدہ اقلیتی کمشنریٹ کا ریاستی وزیر عبدالستار کے ہاتھوں افتتاح۔

اور۔۔☆ T-20 کرکٹ عالمی کپ کے پہلے سیمی فائنل میں افغانستان کو ہرا کر جنوبی افریقہ فائنل میں داخل؛ دوسرے سیمی فائنل میں آج بھارت کا انگلینڈ سے مقابلہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی مقننہ کا مانسون اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے۔اس اجلاس میں پانچ بل تجویز کیے گئے ہیں؛ جبکہ کل 28 جون کو اضافی بجٹ پیش کیا جائے گا۔اسی طرح دو آرڈیننس بھی ایوان کے فلور پر پیش کیے جائیں گے۔اسمبلی کے گزشتہ اجلاس میں قانون ساز کونسل میں ایک بل اور مشترکہ کمیٹی میں چھ بل التوا میں ہونے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

مانسون اجلاس کی مناسبت سے ممبئی میں منعقدہ ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ ریاست کا آئندہ بجٹ کسانوں، خواتین اور نوجوانوں سمیت عوام کے سبھی طبقات کے مفاد میں ہوگا۔وزیرِ اعلیٰ نے وضاحت کی کہ ریاست کے تمام مسائل پر حکومت؛ اپوزیشن کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہے۔تاہم حزبِ مخالف جماعتیں صرف عوام کو گمراہ کرنا چاہتی ہیں، اس لیے اپوزیشن پر بحث کیلئے تیار نہ ہونے کا الزام وزیرِ اعلیٰ شندے نے عائد کیا۔مراٹھواڑہ واٹر گرڈ اور پانی سے لیس کھیت اسکیموں کو دوبارہ شروع کرنے سمیت گزشتہ دو سالوں میں ریاستی حکومت کی طرف سے کئے گئے ترقیاتی کاموں کا وزیرِ اعلیٰ نے خصوصی طور پر ذکر کیا۔وزیرِ اعلیٰ نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے کے باوجود لوک سبھا انتخابات میں کانگریس ملک بھر میں 100 نشستیں حاصل کرنے میں بھی ناکام رہی، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کوئی بھی جھوٹے اعداد و شمار بتا کر چند لمحوں کی خوشی تو حاصل کر سکتا ہے، لیکن عوام کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔

***** ***** *****

دریں اثنا' حزبِ اختلاف کی جماعتوں کے ارکان نے کل حکومت کی چائے پارٹی کا بائیکاٹ کیا۔اس موقع پر قانون ساز کونسل میں قائد حزب اختلاف امباداس دانوے نے الزام لگایا کہ NEET جیسے دیگر امتحانات سمیت بھرتی کے عمل میں بدعنوانی کی جارہی ہے۔انھوں نے نائب وزیر اعلیٰ اور وزیرِ خزانہ اجیت پوار کی جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ سے غیر حاضری پر بھی نکتہ چینی کی۔

قانون ساز اسمبلی میں حزبِ اختلاف کے قائد وجے وڑیٹیوار نے بھی حکومت پر کسان مخالف ہونے کا الزام لگایا۔ وڑیٹیوار نے کہا کہ وہ اس مانسون اجلاس میں کسانوں کے مکمل قرض معافی اور بجلی کے بل معاف کرنے کا مطالبہ کریں گے۔

***** ***** *****

بیوہ خواتین کو وراثت کے سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیلئے وصول کی جانے والی فیس کو کم کرنے کا فیصلہ ریاستی کابینہ نے کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی صدارت میں کل ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔جس میں شوہر کی وفات کے بعد خاتون کو اس کی ملکیت کے وارث کے طور پر اندراج کرنے کیلئے دیوانی عدالت سے وراثت کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیلئے وصول کی جانے والی 75 ہزار روپے فیس میں تخفیف کرکے 10 ہزار روپے کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ یہ رعایت کسی بھی آمدنی والی خواتین پر لاگو ہوگی۔

وزیر اعلیٰ دیہی سڑک منصوبے کے دوسرے مرحلے میں' تین ہزار 909 کلومیٹر مسافت کی سڑکوں کو معیاری بنانے کیلئے ایشیائی ترقیاتی بینک سے 310 ملین ڈالر کا قرض لینے کے فیصلے کو بھی کابینہ نے منظوری دی۔ اس منصوبے کے دوسرے مرحلے میں 10 ہزار کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

پونے رِنگ روڈ پروجیکٹ کی تکمیل کیلئے اراضی تحویل میں لینے کیلئے ہڈکو سے پانچ سو کروڑ روپئے کا قرض لینے کی تجویز کو بھی کل کابینہ نے منظور کرلیا۔اس منصوبے کیلئے اب تک 535 ہیکٹر سے زیادہ اراضی تحویل میں لی جاچکی ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی ممبئی اور کوکن گریجویٹ حلقے' اسی طرح ناسک اور ممبئی کے اساتذہ حلقوں کے چناؤ کیلئے کل رائے دہی کی گئی۔اس دوران ممبئی گریجویٹ حلقے میں 56 فیصد، ممبئی ٹیچر حلقہ میں 75 فیصد، کوکن گریجویٹ حلقہ میں 63 فیصد' جبکہ ناسک ٹیچر حلقہ میں اوسطاً 93 اعشاریہ 48 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔ ان ووٹوں کی گنتی آئندہ یکم جولائی کو کی جائے گی۔

دریں اثنا، قانون ساز کونسل میں اپنی معیاد پوری کرنے والے ارکان کو آج سہ پہر اسمبلی کی مرکزی اجلاس گاہ میں وداعیہ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے آج صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کا خطاب ہوگا۔ راجیہ سبھا کا اجلاس بھی آج سے شروع ہورہا ہے۔

دریں اثنا' اٹھارہویں لوک سبھا کے اسپیکر کے طور پر بی جے پی کے رُکنِ پارلیمنٹ اوم برلا کا صوتی ووٹوں سے انتخاب عمل میں آیا۔ برلا کے انتخاب کے بعد وزیرِ اعظم مودی اور قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی انھیں اسپیکر کی نشست تک لیکر گئے اور دونوں رہنماؤں نے نومنتخبہ اسپیکر کو مبارکباد دی۔

دوسری مرتبہ لوک سبھا کے اسپیکر کے طور پر خدمت کا موقع دیئے جانے پر برلا نے ایوان کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل اقلیتی اُمور کے ریاستی وزیر عبدالستار کے ہاتھوں اقلیتی کمشنریٹ کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر عبدالستار نے ملک کے اوّلین اقلیتی کمشنریٹ کی معرفت اقلیتی طبقات کی تعلیم اور روزگار سمیت ہمہ گیر ترقی کے کام ہونے کا یقین ظاہر کیا۔ عبدالستار نے اس کمشنریٹ کے قیام سے مختلف اقلیتی طبقات کے لوگوں کیلئے حکومت کی مختلف ترقیاتی اسکیموں کے نفاذ اور ان کی نمائندگی میں سہولت میسر ہونے کے یقین کا بھی اظہار کیا۔

دریں اثناء حج ہاؤس کی عمارت میں اس کمشنریٹ کے قیام کی مخالفت کرتے ہوئے کانگریس پارٹی کی جانب سے افتتاحی پروگرام کے دوران مظاہرے کیے گئے۔

***** ***** *****

طبّی نصاب کورسیز میں داخلوں کیلئے لیے جانے والے NEET امتحان میں بدعنوانی کے معاملے میں لاتور سے گرفتار شدہ دو ملزم اساتذہ کے قبضے سے برآمد ہونے والے 12 طلباء کے ہال ٹکٹ برآمد ہوئے ہیں' ان میں سے کچھ طلبہ کے والدین سے پولس نے پوچھ گچھ شروع کردی ہے۔ NEET امتحان میں اضافی نشانات کے حصول کے لالچ میں متعلقہ طلبہ کے والدین نے ملزمان کے ساتھ مالی لین دین کرنے کی اطلاعات سامنے آرہی ہیں۔

دریں اثناء، اس معاملے کے چار ملزمان میں سے دو مشتبہ ملزمان ہنوز فرار ہیں۔ دہلی کے گنگادھر نامی مشتبہ ملزم کی تلاش کیلئے لاتور پولس کا ایک دستہ اتراکھنڈ کے دہرادون گیا ہوا ہے۔ جبکہ اس معاملے میں گرفتار شدہ کاتپور ضلع پریشد اسکول کے صدر معلم' جلیل خان پٹھان' کو لاتور ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹیو آفیسر انمول ساگر نے معطل کردیا ہے۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ کے ٹرینیداد میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میچ میں جنوبی افریقہ نے افغانستان کو نو وکٹوں سے شکست دے دی۔ افغانستان کی ٹیم پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے صرف 56 رنز ہی بنا سکی' جبکہ جنوبی افریقہ نے آٹھ اوور اور پانچ گیندوں میں ایک وکٹ کے نقصان پر اس ہدف کو مکمل کرکے عالمی کپ کے فائنل میں رسائی حاصل کرلی۔

دریں اثناء' عالمی کپ کا دوسرا سیمی فائنل مقابلہ آج بھارت اور انگلینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گیانا میں کھیلا جانے والا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے شروع ہوگا۔

***** ***** *****

راجرشی شاہو مہاراج کا یومِ پیدائش کل مختلف پروگراموں کے ذریعہ منایا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے ڈویژنل کمشنر دفتر میں ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے چھترپتی شاہو مہاراج کی شبیہ پر گلہائے عقیدت نذر کرکے خراجِ عقیدت پیش کیا۔

ناندیڑ اور لاتور شہر کے سماج کلیان محکمے کی جانب سے سمتا دِنڈی نکالی گئی۔

دھاراشیو میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر سماجی انصاف بھون میں ہوئے پروگرام میں معززین نے شاہو مہاراج کی خدمات پر روشنی ڈالی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے گیورائی تعلقے میں کل بجلی گرنے سے تین خواتین کی موت ہوگئی۔ چک لامبا علاقے میں کل شام پیش آئے اس حادثے میں ایک خاتون کے شدید زخمی ہونے کی بھی اطلاع ملی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے وضاحت کی ہے کہ زمین کو سیراب کرنے والی بارش اب تک نہیں ہوئی ہے' لہٰذا کسان تخم ریزی میں جلد بازی نہ کریں۔ انھوں نے مناسب بارش ہونے کے بعد ہی کسانوں کو بوائی کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کا آج سے آغاز۔

☆ ریاست کا آئندہ بجٹ کسانوں،خواتین،نوجوانوں سمیت عوام کے سبھی طبقات کے مفاد میں ہوگا۔وزیراعلیٰ کی یقین دہانی،حزبِ مخالف جماعتوں کی جانب سے حکومت کی چائے پارٹی کا بائیکاٹ۔

☆ بیوہ خواتین سے وراثت کے سرٹیفکیٹ کیلئے وصول کی جانے والی فیس کم کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں قائم شدہ اقلیتی کمشنریٹ کا ریاستی وزیر عبدالستار کے ہاتھوں افتتاح۔

اور۔۔۔☆ T-20 کرکٹ عالمی کپ کے پہلے سیمی فائنل میں افغانستان کو ہراکر جنوبی افریقہ فائنل میں داخل،دوسرے سیمی فائنل میں آج بھارت کا انگلینڈ سے مقابلہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****